SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 1, 2016

سرمایہ کاروں کی تربیت وآگہی کے لئے ایس ای سی پی اور آئی سی ایم اے پی کے مابین مفاہمت کی یاداشت پر دستخط

اسلام آباد، یکم اگست: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) اور انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹ پاکستان (آئی سی ایم اے پی) نے مفاہمت کی ایک یاداشت پر سوموار کو دستخط کئے ہیں جس کے تحت دونوں اداروں نے آئی سی ایم اے پی کے طلبہ اور اراکین کو کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے لئے آگہی اور تربیت کی غرض سے مشترکہ اجلاس منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔ ایس ای سی پی کے سرمایہ کاروں میں آگہی کے فروغ کے پروگرام "جمع پونجی" کے تحت یاداشتِ مفاہمت پر ایس ای سی پی کے صدر دفتر اسلام آباد میں دستخط کئے گئے۔

یاداشتِ مفاہمت پر ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی اور انسٹی ٹیوٹ کے صدر محمد اقبال غوری نے دستخط کئے۔ انسٹی ٹیوٹ کے اعلیٰ عہدیداروں سمیت ایس ای سی پی کے سینئر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ایس ای سی پی کے شعبہ بین الاقوامی تعلقات اور آگہی سرمایہ کاران کی سربراہ خالدہ حبیب نے معزز مہمانوں اور شرکاء کو پروگرام "جمع پونجی" کے نمایاں خدوخال سے آگاہ کیا۔ چیئرمین اس ای سی پی نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب میں پاکستان میں آگہی اور توانائی سے بھرپور حساباتی نظام پیدا کرنے کے لئے انضباطی ادارے اور آئی سی ایم اے پی جیسے پیشہ ورانہ اکاوٹنسی اداروں کے درمیان شراکتی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432

چیئرمین اس ای سی پی نے حساب کتاب کے میدان میں اخلاقی اور پیشہ ورانہ معیار بڑھانے کے لئے کاسٹ اور مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس کی جانب سے اہم کردار ادا کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اجلاس کے دوران، ایس ای سی پی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ مسرت جبیں صاحبہ نے "سکیورٹیز ایڈوائزر" (کیپٹل مارکیٹس میں متعلقہ مصنوعات کے بارے میں آگہی اور رسائی کی توسیع میں مدد فراہم کرنے والے پیشہ ور افراد) کے لئے قانونی ڈھانچے کے حوالے سے ارتقا کے مراحل پر روشنی ڈالی۔

چیئرمین اس ای سی پی نے کیپٹل مارکیٹ کے اس حصّے کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا اور آئی سی ایم اے پی سے الحاق اور تعاون کی درخواست کی تاکہ وہ مذکورہ حصّے پر اپنے اراکین کی آگہی کے ذریعے اس کو فروغ دے سکیں۔ چیئرمین نے زور دیا کہ آئی سی ایم اے پی جیسے قابل پیشہ ورانہ اراکین سرمایہ کے مشیروں کے طور پر کیپٹل مارکیٹ میں داخل ہو کر پیشہ ورانہ نمو کے نئے مواقع حاصل کر سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی کے محترم چیئرمین کی جانب سے یادگاری شیلڈ آئی سی ایم اے پی کے صدر کو پیش کی گئی۔ مفاہمت کی یادداشت کے تحت، ایس ای سی پی مسلسل بنیادوں پر آئی سی ایم اے پی کے تعاون سے ان کے تمام کیمپسوں میں موجودہ اور آنے والے طلبا کو آگہی فراہم کرنے کے لئے سیمینار منعقد کرے گا۔ سیشن کی مرکزی توجہ مالی منصوبہ بندی، سرمایہ کاری، کیپٹل مارکیٹس، میوچل فنڈز، بیمہ اور دیگر غیر بینکار مالی ادارے اور سرمایہ کاری مشاورتی فریم ورک پر ہے۔ آخر میں آئی سی ایم اے پی نے محترم چیئرمین ایس ای سی پی کو ان کی کوششوں کے لئے شکریہ ادا کیا اور اس سلسلے میں ایک طویل مدتی رفاقت کی ترویج میں اپنی گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔